


**صدر ڈیٹر ایف۔ اُکڈورف**
صدارتی مجلسِ اعلیٰ میں مشیر دوم

# دنیا کو مسیح کی محبت سے معمور کرو

**جب** ہم کرسمس کے بارے سوچتے ہیں، تو اکثر ہمارا خیال تحائف کے تبادلے کی طرف جاتا ہے۔ تحائف ایک اچھی روایت کا حصہ ہو سکتے ہیں، مگر وہ ہمیں کرسمس کے موسم کی سادگی اور عظمت سے دُور کر سکتے ہیں اور بامفہوم طریقے سے نجات دہندہ کی پیدائش کی تقریب کو منانے سے ہماری توجہ ہٹا سکتے ہیں۔

میں ذاتی تجربے سے جانتا ہوں کہ وہ کرسمس زیادہ یادگار ہو سکتے ہیں جو زیادہ حلیمی سے منائے جائیں۔ یقیناً میرے بچپن میں جو تحائف مجھے ملے، آج کے تحائف کے مقابلے میں معمولی تھے۔ بعض اوقات مجھے مرمت شدہ قمیص، یا دستانوں یا جرابوں کا جوڑا ملتا۔ مجھے ایک خاص کرسمس یاد ہے جب میرے بھائی نے مجھے لکڑی کا ایک چاقو دیا جو اُس نے خود بنایا تھا۔

قیمتی تحائف ہی کرسمس کو بامقصد نہیں بناتے ہیں۔ مجھے ایلڈر گلین ایل۔ رڈ کی بتائی ہوئی کہانی یاد ہے جنہوں نے ۱۹۸۷ سے ۱۹۹۲ تک ستر کی جماعت میں خدمت کی۔ سالوں پہلے کرسمس سے ایک دن پہلے، جب وہ بشپ کے ذخیرہ خانہ میں کام کرتا تھا، اُس کو ایک کلیسیائی رہنما سے ایک ضرورت مند خاندان کے بارے پتہ چلا جو حال ہی میں اِس شہر میں آیا تھا۔ جب وہ اُن کے چھوٹے اپارٹمنٹ میں ملاقات کے لئے گیا، تو اُس کو پتہ چلا کہ اُس گھرانے میں ایک نوجوان ماں اور ۱۰ سال سے چھوٹی عمر کے چار بچے تھے۔

وہ خاندان بہت ہی ضرورت مند تھا کہ وہ ماں بچوں کے لئے تحائف تو کیا گھر کے لئے کرسمس ٹری بھی نہ خرید سکتی تھی۔ بھائی رڈ نے خاندان سے گفتگو کی تو پتہ چلا کہ تین چھوٹی لڑکیوں کو گڑیا یا بھوسہ بھرے جانور بہت پسند تھے۔ جب اُس نے چھ سالہ بیٹے سے پوچھا کہ وہ کیا چاہتا ہے، تو بھوکے چھوٹے لڑکے نے جواب دیا، ”مجھے جو کے دلیے کا پیالہ چاہیے۔“

بھائی رُڈ نے چھوٹے لڑکے سے جو کے ساتھ کچھ اور بھی لانے کا وعدہ کیا۔ پھر وہ بشپ کے ذخیرہ خانہ میں گیا اور خاندان کی فوری ضروریات کو پورا کرنے کے لئے خوراک اور دوسری رسد جمع کی۔

اُسی صبح مقدسین آخری ایام کے ایک فیاض شخص نے اُس کو کسی ضرورت مند کو دینے کے لئے ۵۰ ڈالر دیئے۔ بھائی رُڈ نے اپنے تین بچوں کو ساتھ لیا اور کرسمس کی خریداری کے لیے گئے۔ اُس کے بچوں نے ضرورت مند بچوں کے لئے کھلونے منتخب کیے۔

کار میں خوراک، کپڑے، تحائف، اور کرسمس ٹری، اور کچھ سجاوٹ کی چیزیں لادنے کے بعد رُڈ کا خاندان اس خاندان کے گھر گیا۔ وہاں اُنہوں نے ماں اور اُن بچوں کی کرسمس کا ٹری سجانے میں مدد کی۔ پھر اُنہوں نے اُس کے نیچے تحائف رکھے اور اُس چھوٹے لڑکے کو جو کے دلیہ کا بڑا پیکٹ دیا۔

ماں روئی، بچے خوش تھے، اور سب نے مل کر کرسمس کا گیت گایا۔ اُس شام جب رُڈ کا خاندان شام کے کھانے پر اکٹھا ہوا تو اُنہوں نے شکر گزاری کی کہ وہ ایک اور خاندان کو کرسمس کی خوشی دے سکے اور چھوٹے لڑکے کو جو کے دلیے کا پیالہ حاصل کرنے میں مدد کی۔[1]

## مسیح اور دینے کا روح

آپ سادہ مگر پُر عظمت طریقے کے بارے سوچیں جو آسمانی باپ نے اپنے بیٹے کی پیدائش کی عزت کے لئے منتخب کیا ہے۔ اُس مُقدس رات، فرشتے دولتمندوں پر نہیں بلکہ غریب چرواہوں پر ظاہر ہوئے۔ بچہ مسیح کسی محل میں نہیں بلکہ ایک چرنی میں پیدا ہوا تھا۔ وہ ریشم میں نہیں بلکہ ایک عام سے کپڑے میں لپٹا ہوا تھا۔

اُس پہلے کرسمس کی سادگی میں نجات دہندہ کی زندگی کا عکس تھا۔ اگرچہ اُس نے زمین تخلیق کی تھی، جاہ و جلال کی مملکتوں میں چلا تھا، اور خدا کے دائیں ہاتھ کھڑا تھا، وہ زمین پر

بے یار و مددگار بچے کے طور پر آیا۔ اُس کی زندگی پاکدامنی، اعلیٰ طرفی کا نمونہ تھی، وہ غریبوں، بیماروں، پست حالوں، بوجھ سے دبے ہوئے لوگوں کے درمیان رہا۔

اگرچہ وہ ایک بادشاہ تھا، تو بھی نہ تو اُس نے شان و شوکت کی پرواہ کی نہ ہی دنیاوی دولت کی۔ اُس کی زندگی، اُس کا کلام، اور اُس کی روزمرہ کی سرگرمیاں سادہ مگر باعظمت یادگاریں ہیں۔

یسوع مسیح، جو کامل طور پر جانتا تھا کہ کیسے دینا ہے، اُس نے دینے کے لئے ہمارے لئے مثال قائم کی۔ وہ جن کے دل تنہائی اور غم سے بھاری ہیں، وہ اُن کے ساتھ ہمدردی رکھتا ہے اور اُن کو تسلی دیتا ہے۔ وہ جن کے بدن اور ذہن بیماری اور تکلیف میں مبتلا ہیں، وہ اُن سے پیار کرتا اور اُنہیں شفا دیتا ہے۔ وہ جن کی جانیں گناہ کے بوجھ سے دبی ہوئی ہیں، وہ اُن کو اُمید، معافی اور مخلصی کی پیش کش کرتا ہے۔

اگر آج منجی ہمارے درمیان ہوتا، تو ہم اُسے اُدھر ہی پاتے جہاں وہ ہمیشہ رہا، فروتنوں، پست ذاتوں، حلیموں، مصیبت زدوں، اور روح کے غریبوں کی خدمت کرتے ہوئے۔ کرسمس کے اِس موسم کے دوران اور ہمیشہ ہی، خُدا کرے ہم ویسے محبت کرتے ہوئے جیسے وہ کرتا ہے اُسے دیں۔ خُدا کرے ہم اُس کی فروتن پیدائش کی عظمت، تحائف، اور زندگی کو یاد رکھیں۔ اور خدا کرے کہ ہم مہربانی، خالص پیار، اور رحم کے سادہ اعمال کے ذریعے اُس کی محبت اور شفا کی قوت سے دنیا کو معمور کریں۔

**حوالہ جات**

۱۔ دیکھئے گلین ایل۔ رڈ، خالص مذہب: *The Story of Church Welfare since 1930* (1995), 352-53; گلین ایل۔ رڈ بھی دیکھئے "A Bowl of Oatmeal," *Church News* ۲ دسمبر، ۲۰۰۶، ۱۶

---

اِس پیغام سے تعلیم دینا

صدر اُکڈورف سکھاتے ہیں کہ ہمیں دینے کے معاملے میں نجات دہندہ کے نمونے کی پیروی کرنی چاہیے۔ جن لوگوں سے آپ ملاقات کرتے ہیں اُن کو کہیں کہ وہ نجات دہندہ کے دیئے ہوئے تحائف میں سے ایک کا نام لیں، اور بات کریں کہ وہ دوسروں کی خدمت کے لئے اِن تحائف کا کیسے استعمال کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر ایک رکن موسیقی کی تربیت سے بابرکت ہے، تو وہ اپنے پڑوسیوں کو سکھانے کے لئے اُن کے گھر جا سکتا یا سکتی ہے۔ جن کے گھر آپ ملاقات کرنے جاتے ہیں اُن کے ساتھ گھٹنوں کے بل ہو کر دعا کریں اور الہام مانگیں کہ کون سے تحائف بانٹنے ہیں، اُن کو کیسے بانٹنا ہے، اور کن کے ساتھ بانٹنا ہے۔ جو بھی الہام آپ پاتے ہیں اُس پر فالو اپ کریں۔

## نوجوانان

### دوسروں کے تجربات سے سیکھیں

صدر اُکڈورف جب تعلیم دیتے ہیں تو ذاتی تجربات سے سکھاتے ہیں کہ "وہ کرسمس زیادہ یادگار ہو سکتے ہیں جو زیادہ حلیمی سے منائے جائیں"۔ ہم پرانی نسلوں سے بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں؛ بہت سارے بوڑھے لوگ جنگ، بے روزگاری، بیماری، اور دوسری مصیبتوں کے حالات سے گزرے ہیں۔ اپنی وارڈ یا برانچ کے بوڑھے ارکان سے پوچھیں کہ وہ اپنے انتہائی بامقصد کرسمس کے بارے بتائیں۔ آپ اُن کی کہانیاں لکھ سکتے ہیں۔ اِس کرسمس پر زیادہ مخلص خدمت دیتے ہوئے اور نجات دہندہ کو یاد کرتے ہوئے، اُن کی مثالوں سے سیکھنے کی کوشش کریں۔

## بچے

### یسوع مسیح سے تحائف

کچھ لوگ یسوع مسیح کی پیدائش کی تقریب کو منانے کے لئے کرسمس ٹری کا استعمال کرتے ہیں۔ بعض اوقات لوگ اِس ٹری کے نیچے دوسروں کے لئے تحائف رکھتے ہیں۔ نجات دہندہ نے آپ کو کون سے تحائف دیے ہیں؟ کرسمس کے درخت کا خاکہ بنائیں جس کے نیچے پانچ تحفے ہوں۔ نیچے دیے گئے حوالہ جات کا مطالعہ کریں اور ہر ایک حوالہ پڑھنے پر ایک تحفے میں رنگ بھریں۔ آپ دوسروں کی خدمت کرنے کے طریقے تلاش کرنے کے سے، یسوع کو تحائف واپس دے سکتے ہیں۔

زبور ۶:۳۳

یوحنا ۲۷:۱۴

یوحنا ۹:۱۵

۲ نیفی ۸:۲

۳ نیفی ۹:۱۵

2014 by Intellectual Reserve, Inc. © جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یو ایس اے میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6/14۔ اجازت برائے ترجمہ: 6/14۔
*First Presidency Message, December 2014* کا Urdu ترجمہ 10872 434

# یسوع مسیح کا الٰہی مشن: امن کا شہزادہ

دعا گو ہو کر اِس مواد کا مطالعہ کریں اور جاننے کی خواہاں ہوں کہ کیا بیان کرنا ہے۔ منجی کی زندگی اور کرداروں کو سمجھنا کیسے اُس پر آپ کے ایمان کو بڑھائیگا اور اُن کو برکت دے گا جن کی آپ خاندانی تدریس کے ذریعے دیکھ بھال کر رہی ہیں؟ مزید معلومات کے لئے، *reliefsociety.lds.org* جائیں۔

ایمان، خاندان، فلاح

**یہ خاندانی معلماتی پیغامات کے سلسلہ کا حصہ ہے جو نجات دہندہ کے مشن کے خصوصی پہلوؤں کو بیان کرتا ہے۔**

"نجات دہندہ حقیقی تسلی کا ذریعہ ہے،" بارہ رسولوں کی جماعت سے ایلڈر کوئنٹن ایل۔ کک نے کہا۔ "حتیٰ کہ زندگی کی آزمائشوں کے دوران، کیوں کہ نجات دہندہ کے کفارے اور اُسکے فضل کی بدولت، راست باز زندگی ذاتی اطمینان سے نوازی جائی گی۔"[1] یہ فہم کہ یسوع مسیح امن کا شہزادہ ہے ہماری اندرونی اطمینان کو پانے اور اُس پر ہمارے ایمان کو بڑھانے میں مدد کر سکتا ہے۔

یسوع مسیح نے فرمایا: "میں نے تم سے یہ باتیں اِس لئے کہیں کہ تم مجھ میں اطمینان پاؤ۔ دنیا میں مصیبت اُٹھاتے ہو، لیکن خاطر جمع رکھو میں دنیا پر غالب آیا ہوں" (یوحنا ۱۶:۳۳) اِس سچائی کی گواہی دیتے ہوئے، لنڈا ایس. ریوز ریلیف سوسائٹی کی جنرل صدارتی مجلس میں مشیر دوم نے کہا: "خداوند مجھ پر مہربان رہا ہے اور میرے بوجھ کو ہلکا کرنے میں میری مدد کی ہے۔ اُس نے عظیم اطمینان محسوس کرنے میں میری مدد کی ہے۔"[2]

بارہ رسولوں کی جماعت سے ایلڈر رچرڈ جی۔ سکاٹ نے سکھایا ہے: "اطمینان کے لئے۔ . . آئیڈیل جگہ ہمارے اپنے گھروں کی دیواروں کے اندر ہے، جہاں پر ہم خداوند یسوع مسیح کو مرکز بنانے کے لئے سب کیا ہے جو ہم کر سکتے ہیں۔"[3]

### اضافی صحائف

یسعیاہ ۹:۶؛ لوقا ۲:۱۴؛ یوحنا ۱۴:۲۷؛ ۱ نیفی ۱۳:۳۷؛ تعلیم و عہد ۵۹:۲۳

### صحائف سے

یسعیاہ نے یسوع مسیح، امن کے شہزادے کی پیدائش کی نبوت کی (دیکھئے یسعیاہ ۹:۶)۔ امریکہ میں، سیموئیل لامنی نے نشانات بتائے جو پانچ سال بعد مسیح کے پیدائش کے ساتھ ہوں گے (دیکھئے ہیلیمن ۱۴:۳، ۵) جب نبوت کیا ہوا دن آیا، تو جو ایمان نہ رکھنے والے تھے اُنہوں نے مسیح پر ایمان رکھنے والوں کو دھمکی دی کہ اگر یہ نشان وقوع نہ ہوئے تو وہ سب کو قتل کر دیں گے۔ نیفی نبی "سارا دن خداوند کے حضور فریاد کرتا رہا؛ اور دیکھو، خداوند کی آواز اُسے یہ کہتے ہوئے سنائی دی،۔۔۔ کل میں اِس دنیا میں آتا ہوں" (۳ نیفی ۱:۱۲۔۱۳)۔ نشان ظاہر ہوئے، اور مسیح کی پیدائش کے ساتھ ہی "اُس ملک میں لوگ پھر سے امن میں ہو گئے" (۲۳ آیت)۔

بیت اللحم میں، مریم "نے اپنے پہلوٹھے بیٹے کو جنم دیا، اور اُس کو کپڑے میں لپیٹ کر چرنی میں رکھا" (لوقا ۲:۷)۔

**حوالہ جات**
۱۔ کوئنٹن ایل۔ کک، "Personal Peace: The Reward of Righteousness," لیحونا، مئی ۲۰۱۳ء، ۳۵۔
۲۔ لنڈا ایس۔ ریوز، "اپنے عہود کی برکات کا دعویٰ کریں"، لیحونا، نومبر ۲۰۱۳ء، ۱۲۰۔
۳۔ رچرڈ جی۔ سکاٹ، "گھر میں اطمینان کے لئے،" لیحونا، مئی ۲۰۱۳ء، ۲۹۔

### اِس کے بارے غور کریں

کس طرح سے نجات دہندہ آپ کی زندگی میں اطمینان لاتا ہے؟

© 2014 by Intellectual Reserve, Inc. جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یو ایس اے میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6/14۔ اجازت برائے ترجمہ: 6/14۔
*Visiting Teaching Message, December 2014.* کا Urdu دسمبر۔ 10872 434